کی فارسی تفسیروں کے مطالعہ پر مشتمل ہوگی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی مصنف کو توفیق و طاقت عطا فرمائے۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)

فیضانِ رسالت — مولانا غلام محمد منصوری

ناشر: المنار پبلشنگ ہاؤس، N-5B، ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵، ۲۰۱۰ء، ص ۳۰۲، قیمت: -/۲۲۰ روپے

زیرِ نظر کتاب احادیثِ رسول کا ایک عمدہ انتخاب ہے۔ اس کے مرتب مولانا غلام محمد منصوری کویت میں مقیم اردو داں طبقہ کی جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ وہاں انھوں نے عرصہ تک وزارت اوقاف میں امامت و خطابت کے فرائض انجام دیے ہیں اور واعظِ دینی برائے مسلمانانِ ہندو پاک کی حیثیت سے اپنے مواعظ و دروس سے مستفید فرماتے رہے ہیں۔ ریڈیو کویت کی اردو نشریات سے کئی سال تک 'بہترین قول' کے عنوان سے روزانہ ان کا درسِ حدیث نشر ہوتا رہا۔ تقریباً پانچ ہزار احادیث کا ترجمہ اور تشریح نشر ہو چکی تھی کہ کویت پر عراقی حملہ سے یہ سلسلہ منقطع ہو گیا اور بعد میں بعض موانع کی وجہ سے پھر بحال نہ ہو سکا۔

اس کتاب میں علم کی فضیلت و اہمیت، علماء کی حیثیت و ذمہ داری، فضائل قرآن، ایمان کی فضیلت و حقیقت، مومنانہ اوصاف اور منافقانہ اعمال کے موضوعات پر پچھتر (۷۵) احادیث ترجمہ اور مختصر تشریح کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔ احادیث کے انتخاب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ وہ صحیح اور مستند ہوں اور ان کی تشریح سہل، عام فہم، جدید ذہن کو اپیل کرنے والی اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ ہو۔ مقدمہ میں فاضل مرتب نے فتنۂ انکارِ حدیث کی خطرناکی واضح کی ہے اور دین پر پڑنے والے اس کے اثرات سے آگاہ کیا ہے۔ کتاب پر مولانا محمد فاروق خاں معروف ہندی مترجم قرآن و سابق صدر ادارۂ تحقیق کی 'تقریظ' ہے، جس میں انھوں نے اس موضوع پر مدلل بحث کی ہے کہ سنت کی پیروی کیوں ضروری ہے؟

امید ہے، اس مجموعۂ حدیث کو دینی حلقوں میں قبول عام حاصل ہوگا اور اس سے خاطر خواہ استفادہ کیا جائے گا۔ (م-ر)